QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 175

کوئٹہ: 14 جنوری 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) اپنے تمام صارفین کو بجلی فراہمی کے سلسلے میں نمایاں ریلیف دینے کیلئے مختلف اقدامات کررہی ہے۔اس سلسلے میں وفاقی وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی خصوصی ہدایات پر صوبہ کے مختلف علاقوں میں بجلی کے تھری فیز اور سنگل فیز کنکشنوں پر آٹومیٹک میٹر ریڈنگ (اے ایم آر) سمارٹ میٹرز کی تنصیب کا منصوبہ شروع کیا گیا ہے۔آٹومیٹک میٹر ریڈنگ (AMR) جدید ٹیکنالوجی نظام کے مطابق بجلی کا سمارٹ میٹر ہے جس کا بنیادی مقصد وقت اور اخراجات کی بچت ہے اور صارف کے بلنگ کی شفافیت، درست بل کی فراہمی اور بجلی کے نظام کو جدید انداز میں بہتر کرنا ہے۔اس سسٹم کی تنصیب سے میٹر ریڈنگ کا خودکار طریقہ سے مانیٹرنگ کی جاتی ہے جس میں غلطی کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی ہے۔صارف اپنے موبائل ایپ کے زریعے اپنی ریڈنگ کو کسی بھی وقت چیک کرسکتا ہے اسکے علاوہ AMR کے تمام فنکشنز کیسکو کے مرکزی سسٹم ایڈوانسڈ میٹرنگ انفراسٹرکچر (AMI) سیل کے ساتھ منسلک ہے جسے ریموٹ مانیٹرنگ سسٹم کے زریعے کنٹرول کیا جاتا ہے۔اے ایم آر میٹروں کی تنصیب کے بعد بجلی کی چوری اور ٹیمپرنگ کی بروقت نشاندہی بھی ممکن ہونے کے ساتھ ساتھ اس میں ڈیٹا ریکارڈنگ اور بجلی کے لوڈ مانیٹرنگ کی سہولت بھی موجود ہے۔اسکے علاوہ سمارٹ میٹروں کی تنصیب سے صارفین کو غلط بلنگ اور بلوں میں تاخیر جیسے شکایات کا بھی خاتمہ یقینی بنایا جاسکے گا۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر یوسف شاہ خان کی سربراہی میں اس منصوبہ کے تحت صوبہ کے تمام علاقوں میں بجلی کے تھری فیز اور سنگل فیز کنکشنز کے حامل سرکاری اداروں، صوبائی محکموں، تجارتی اور دیگر پرائیوٹ صارفین کیلئے سمارٹ (AMR) میٹر نصب کرنے کا کام تیزی سے جاری ہے اور کیسکو ٹیموں کی جانب سے اب تک صوبہ کے مختلف علاقوں کے تمام آپریشن سرکلز میں مجموعی طور پر تقریباً 2934 تھری فیز اور سنگل فیز کنکشنز پر اے ایم آر میٹرز نصب کئے جاچکے ہیں۔جس میں کوئٹہ شہر میں سینٹرل آپریشن سرکل کے تحت مختلف علاقوں میں 1340 کنکشنز، کیسکو لورالائی آپریشن سرکل میں 283 کنکشنز، کیسکو خضدار آپریشن سرکل میں 438 کنکشنز، کیسکو سبی آپریشن سرکل میں 378 کنکشنز، کیسکو پشین سرکل میں 203 کنکشنز جبکہ کیسکو مکران آپریشن سرکل کے علاقوں میں 292 تھری فیز اور سنگل فیز کنکشنز پر اے ایم آر میٹرز کی تنصیب کا کام شامل ہیں۔جس کے بعد مزید بجلی کے کنکشنز کو بھی سمارٹ میٹر (اے ایم آر) پر منتقل کیا جارہا ہے۔

واضح رہے کہ تھری فیز اور سنگل فیز کنکشنوں پر اے ایم آر سمارٹ میٹرز کی تنصیب کا براہ راست فائدہ صارف کو درست اور بروقت بلنگ کی صورت میں حاصل ہونے کے علاوہ اپنے میٹر ریڈنگ تک براہ راست رسائی بھی ہوسکتا ہے۔کیسکو ٹیموں کی جانب سے اس منصوبہ کے تحت تھری فیز اور سنگل فیز کنکشنز پر اے ایم آر میٹروں کی تنصیب کا کام تیزی سے جاری ہے۔لہٰذا کیسکو نے تمام صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ اے ایم آر میٹروں کی تنصیب کے سلسلے میں کیسکو ٹیموں سے تعاون کریں۔

# # #